بلیک اینڈ وائٹ موویز کی پیشکش

بازی

اداکاران
دیو آنند۔ گیتا بالی۔ نادرہ
سندر وغیرہ

قیمت ار

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

پاکٹ مار کے گانے

گانا نمبر ۱

لڑی آنکھ سے آنکھ محبت ہو گئی
پڑا گال پہ ہاتھ حجامت ہو گئی

بابو جی کے گورے گال ہائے ہائے دیکھو ہو گئے لال
جل گئی ہانڈی گلی نہ دال بیٹھے رہ گئے بانکے لال
لگا طمانچہ زور سے اجی اچھی دعوت ہو گئی
لڑی آنکھ سے آنکھ

ایسا چھوٹا ایک پٹاخہ بڑے زور کا ہوا دھماکہ
کہنے والے سچ کہہ گئے پیار ہے بڑا لڑاکا
بڑے بڑوں کی پیار کے ہاتھوں اجی حجامت ہو گئی
لڑی آنکھ سے آنکھ

نہ جان نہ پہچان اجی ہیں آپ کا مہمان
دل کا کھیل نہیں دل والو اتنا تو آسان
دنیا کو تو دل دینے کی یوں ہی عادت ہو گئی
لڑی آنکھ سے آنکھ

گانا نمبر ۲

چھوٹی سی زندگی ہے اپنی خوشی سے جی
دنیا کو چھوڑ مجھے دنیا سے کیا
بات کسی غم کی خوشیوں کا رس پی

دُنیا کو چھوڑ ......

تو آگے آگے چل پیچھے دُنیا کو آنے دے
دیکھ دیکھ دُنیا جو جلے جل جانے دے
دُنیا کی دوستی نہیں کام کی
دُنیا کو چھوڑ ......

صبح ہو یا شام تجھے مستی سے کام ہو
دِل کے سوا نہ کبھی کسی کا غلام ہو
کہتی ہے یہ زندگی جینا ہے تو ایسے جی
دُنیا کو چھوڑ ......

گانا نمبر ۳

کسی کے ٹھکرا کر ارمان نہ جا او بیدردی نادان
یہ موسم روز نہیں آتا یہ موسم روز نہیں آنا
ارے انجان نہیں آسان بہاروں کے ایسے سامان
یہ موسم روز ......

شمع تک آکے پروانے کہاں جاتا ہے دیوانے
یوں ہی کیوں ہوتا ہے حیران شرافت مو تجھے کی پہچان
یہ موسم روز ......

سدا اک بات نہیں ہوتی جیسی ہر رات نہیں ہوتی
بھروسہ کیا گھٹاؤں کا سدا برسات نہیں ہوتی
یہ رُت دو دِن کی مہمان نہ ہوگی کل کوئل کی تان
یہ موسم روز ...... کسی کے ٹھکرا کر ارمان ......

گانا نمبر ۴

پیا سے نینوں کی پیاس بجھالے
بھولے بھالے اور اہی متوالے

مَیں تو کھیتوں سے ہو کر آئی رے
موتی شبنم کے چُن کر لائی رے
میرا مکھڑا اچھوا میرے نیناں کٹار
اِک وار کر بچا پچھتالے

پیا سے نینوں کی پیاس.....

مَیں تو برکھا کی البیلی رانی
پیا سے دِل کی نہ جانوں کہانی
چل بادل کے پار، بسے من کی ستار
کوئی گیت خوشی کا گالے

پیا سے نینوں.....

مَیں تو ندیا کی ایک لہریا
ہو رہی سب سے نرالی ڈگریا
مَیں ہوں چنچل نرنگ میرا گورا ہے رنگ
میرے مکھڑے سے نینا ہٹالے

پیا سے نینوں.....

گانا نمبر ۵

بلما اناڑی منگا دے گھوڑا گاڑی
کہ تیرے سنگ ہائے میرا لاگے نہ جیا

تھک گئی ہیں تو جی پانی بھر بھر کے
تیرے سارے گھر کی غلامی کر کر کے سلامی کر کر کے
بلما اناڑی.....

سارا سارا دن میں بیٹھی چولہا جلاؤں ہوں
گورے گورے ہاتھوں سے جھاڑو لگاؤں میں
اس سے تو اچھا کہ ہائے مر جاؤں میں
بلما اناڑی...

جب سے سیدرد دی بیاہ کے مجھے لایا
کبھی سنگ اپنے نہ سینما دکھایا نہ چمن پالا یا
بلما اناڑی.......

گانا نمبر ۶

دنیا کے ساتھ چل پیارے گیتا دت
ایسے نہ ہاتھ مل پیارے

دو دن بہار ہنس کر گزار
ہے یہ رین آج کل پیارے

اب تک جوان یہ دل ہے
دنیا حسین محفل ہے

مستی میں ڈوب کر جی لے
ہر سانس تیری منزل ہے

پھر یہ بہار کیا اعتبار
آئے نہ آئے کل پیارے — دنیا کے ساتھ...

تھوڑی ہیں چاندنی راتیں
مت سوچ ہوش کی باتیں
خوشیوں کی دھوپ کے پیچھے
غم کی چھپی ہیں برساتیں
سارے اصول بالکل فضول
تو گنوا نہ ایک پل پیار سے دنیا کے ساتھ"

گانا نمبر۲

یہ نئی نئی پریت ہے تو ہی تو میرا میت ہے ندا اور طلعت محمود
نہ جانے کوئی۔۔ ساجنا یہ تیری میری داستان
سماں ہے یہ پیار کا، نئے اقرار کا
نہ ہو کوئی جہاں بنائے وہیں آشیاں
یہ نئی نئی پریت ہے۔۔۔
نظر سے ملی ایسے کہ ہم ہار گئے
پکارا جب تیرے دل نے تو پھر ہم آ گئے
قسم تمہیں پیار کی کسی اقرار کی
نہ جانے کوئی ساجنا یہ تیری میری داستان
سماں ہے یہ پیار کا۔۔۔۔ یہ نئی نئی پریت۔۔۔۔

گانا نمبر۳

تیری گلی کیسے آؤں ساجنا
جاگے سارا گھر بار نیچے بیٹھا چوکیدار
دیکھے موا پہریدار

تیری گلی کیسے ......

پتنگ بن جاؤں تو اُڑ کر آؤں یہ باجنا
درس تیرا آ کے میں پاؤں رسیا
یہ سارا جگ روکے رہوں میں تیری ہو کے
میں تیرا در چھوڑ کے نہ جاؤں رسیا
تو جو ملے اک بار باتیں کر لوں ہزار
چلے مو آ بہر یدار - تیری گلی کیسے آؤں

ترستے ہیں نیناں بر سنے ہیں نیناں
سجن بجھا دنیا یہ بس نہ چلے
یہ پپیہا بولے تو دل میرا ڈولے
سجن من اگن میں جلے
تو ہی آجا ایک بار لیکے من کی بہار
میری سن کے پکار — تیری گلی کیسے آؤں ...

ختم شد

الہ آباد پریس دہلی